# دفتر ملٹری اسٹیٹس آفس، حیدرآباد سرکل، حیدرآباد۔

## نوٹس نیلام عام

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حیدرآباد چھاؤنی کے مختلف یونٹس میں کونو کارپس کے کھڑے درختوں تقریبا(2700) کا نیلام عام مورخہ 28/04/2025 کو صبح 11:30 بجے دفتر ملٹری اسٹیٹس آفس، حیدرآباد سرکل میں ہوگا۔ اگر بولی کسی وجہ سے مقررہ تاریخ کو نا ہوسکی تو دوبارہ مورخہ 29/04/2025 کو ہوگی۔

**شرائط وضوابط حسب ذیل ہیں:**

(1) خواہشمند بولی دہندگان کو نیلامی سے قبل زرضمانت مبلغ -/Rs.100,000 روپیہ بصورت بینک ڈرافٹ بحق ملٹری اسٹیٹس آفیسر، حیدرآباد سرکل جمع کروانے ہونگے، جو کہ ماسوائے اول اور دوئم کامیاب بولی دہندگان کے نیلامی کے اختتام پر اسی روز واپس کردی جائے گی۔

(2) کامیاب بولی دہندگان کو نیلامی ختم ہونے پر کل رقم کا 1/4 حصہ موقع پر بطور بیعانہ جمع کروانا ہوگا۔

(3) افسر مجاز بغیر وجہ بتائے بولی یا بولی کی تاریخ منسوخ کرسکتا ہے۔

(4) بولی منظور ہونے کے بعد کوئی اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

**(5) کامیاب بولی دہندہ کھڑے درختوں کو جڑ سے نکالنے کا پابند ہوگا۔**

(6) کاؤنٹر بڈ (Counter Bid) کی صورت میں بولی کی کل رقم نقد جمع کرانا ہوگی اور بولی مقررہ تاریخ پر اسی رقم سے شروع کی جائیگی۔

(7) کامیاب بولی دہندہ کو مقررہ انکم ٹیکس اور جی ایس ٹی ادا کرنا ہونگے۔

(8) درختوں کی فہرست ملٹری اسٹیٹس آفس حیدرآباد سرکل کے نوٹس بورڈ پر دستیاب ہے۔

(9) لکڑی/درختوں کا معائنہ دفتری اوقات میں مورخہ 22-04-2025 کو کیا جاسکتا ہے۔

(10) بولی کی منظوری کے بعد کسی قسم کے ردوبدل کی اجازت نہیں ہوگی۔

(11) منظوری کے بعد کامیاب بولی دہندہ کو 05 یوم کے اندر تمام رقم بمع انکم ٹیکس اور جی ایس ٹی جمع کروانا ہوگی۔ بصورت دیگر بیعانہ کی رقم ضبط کرلی جائے گی اور کوئی دعوی قبول نہ ہوگا۔ جبکہ بولی کا عمل دوبارہ کیا جائیگا۔

(12) تمام ادائیگی کے بعد کامیاب بولی دہندہ کو 15 یوم کے اندر تمام مذکورہ درخت حیدرآباد کینٹ کی حدود سے اٹھانا ہونگے۔ بصورت دیگر بقایا لکڑی/درخت کی کٹائی کی اجازت ضبط کرلی جائے گی۔

(13) تمام PPRA قانون/ضوابط لاگو ہونگے۔

نوٹ:۔ مزید معلومات کیلئے دفتری اوقات میں اس نمبر 0302-2613354 اور 022-9200498 پر رابطہ کریں۔

المشتہر

ملٹری اسٹیٹس آفیسر

حیدرآباد سرکل

MILITARY ESTATES OFFICER
Hydorabad Circle, Hyderabad.